## گلگت بلتستان میں کامیابی ایم کیوایم کے حق پرستانہ نظریہ اوراس پر یقین رکھنے والے ایک ایک حق پرست کی فتح ہے۔الطاف حسین

## پورے ملک کے عوام سب جماعتوں سے مایوس ہوچکے ہیں اور مسائل کے حل کیلئے ان کی نگاہیں ایم کیوایم کی طرف لگی ہوئی ہیں

## پنجاب کے شہرکوٹ ادو میں گلگت بلتستان میں کامیابی کی خوشی میں نکالی گئی ریلی سے ٹیلیفون پرخطاب

لندن۔۔۔15نومبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کی کامیابی ایم کیوایم کے حق پرستانہ نظریہ اوراس نظریہ پر یقین رکھنے والے ایک ایک حق پرست کی فتح ہے۔انہوں نے یہ بات پنجاب کے شہرکوٹ ادو میں گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کی کامیابی کی خوشی میں نکالی گئی ریلی میں شریک کارکنوں سے ٹیلیفون پرخطاب کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے گلگت انتخابات میں ایم کیوایم کے امیدوار کی کامیابی پرکوٹ ادو کے تمام کارکنوں کومبارکباد پیش کی اور کہاکہ گلگت بلتستان کے کارکنوں نے رات دن محنت کرکےاوروہاں کےنوجوانوں، بزرگوں اور ماؤں بہنوں نے اپنے ووٹوں سے ایم کیوایم کوکامیابی سے ہمکنارکیااوراب کوٹ ادوسمیت پورے پنجاب کے کارکنوں،نوجوانوں، ماؤں بہنوں بزرگوں کوبھی گلگت بلتستان کے پرعزم، بہادراور جیالےتحریکی ساتھیوں کےنقشِ قدم پر چلتے ہوئے پنجاب میں بھی ایم کیوایم کوکامیاب بناناہوگا۔انہوں نے کہاکہ مجھے امید ہے کہ کوٹ ادواورپنجاب کے دیگرشہروں کے پرعزم کارکنان مجھے مایوس نہیں کریں گےاوراپنے شہروں اورقصبوں کے گھر گھر تحریک کا پیغام پہنچائیں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہاکہ حق پرستی کا سورج سندھ سےنکل کرگلگت بلتستان اورکشمیرکی وادیوں سے سفرکرتاہواپنجاب کےایک ایک شہر،ایک ایک قصبہ،ایک ایک گاؤں میں چمکےگااور برسوں سے جاگیرداروں،وڈیروں،سرمایہ داروں کےظلم کی چکی میں پسنے والےمحروم ومظلوم عوام، ہاری،کسان،محنت کش،طلبہ اورمتوسط طبقہ کےعوام ایم کیوایم کے پلیٹ فارم پرمتحدہوں گے۔انہوں نے کہاکہ الطاف حسین طالبانائزیشن کے خلاف آوازاٹھائی تومخالفین کی جانب سے کہاجاتاتھاکہ الطاف حسین واویلاکررہاہے ،کہیں کوئی طالبانائزیشن نہیں ہےلیکن آج دنیادیکھ رہی ہے کہ طالبان دہشت گردکس طرح پورے ملک کو دہشت گردی کانشانہ بنارہے ہیں،آج سب مان رہے ہیں کہ طالبانائزیشن ملک کیلئے سب سے بڑاخطرہ ہےاورآج پاکستان کی مسلح افواج دہشت گردی کےخلاف جنگ کررہی ہیں اورملک کودہشت گردی سےنجات دلانے کیلئے اپنی جانیں قربان کررہی ہیں۔انہوں نے دعاکی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کودہشت گردی سےنجات دلائے۔ جناب الطاف حسین نے کہاکہ پورے ملک کےعوام سب جماعتوں سے مایوس ہوچکے ہیں اورمسائل کےحل کیلئے ملک کےتمام باشعورعوام کی نگاہیں ایم کیوایم کی طرف لگی ہوئی ہیں۔انشاءاللہ ایم کیوایم پورے ملک کےمحروم عوام کومسائل کی دلدل سےنکالے گی اور پسے ہوئے طبقات کومعاشرے میں برابرکاحق دلائے گی۔جناب الطاف حسین نےتمام ترکاوٹوں اورمصائب ومشکلات کے باوجودتحریک کی جدوجہد جاری رکھنے پرایم کیوایم کوٹ ادو کےتمام کارکنوں کوزبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## حکومت ملک میں چینی کےبحران کے خاتمے کیلئے سنجیدگی کامظاہرہ کرے،رابطہ کمیٹی

## حکومت میں شامل بعض اعلیٰ شخصیات چینی کےاسکینڈل میں ملوث ہیں جن کی نشاندہی ضروری ہے

## عوام چینی کےحصول کیلئے لمبی لمبی قطاروں میں دھکے کھارہے ہیں، 17 کروڑعوام کودوگھنٹے چینی کی فروخت مسئلے کاحل نہیں

## آٹے کےبعد چینی کابحران حکومت کوکمزورکرنےکی سازش ہے،حکمراں کواپنی صفوں میں سےکالی بھیڑوں کونکالناہوگا

## چینی کےبحران پرقابونہیں پایاگیاتوعوام کاردعمل ان کاجمہوری حق ہے

کراچی۔۔۔15،نومبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ذخیرہ اندوزوں کی جانب سے ملک بھرمیں چینی کاشدیدبحران پیداکرنےکی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہےاورمطالبہ کیاہے کہ حکومت چینی کی ذخیرہ اندوزی اوربحران پرقابوپانے کیلئے سنجیدگی کامظاہرہ کرےاورچینی اسکینڈل میں ملوث بڑی مچھلیوں کوگرفتارکرکےقرارواقعی سزادے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہاکہ عوام دشمن عناصر نے ملک میں گزشتہ کئی ماہ سےچینی کامصنوعی بحران پیداکررکھاہےاورچینی کی مہنگےداموں فروخت جارہی ہےجس کے باعث ملک کےغریب عوام چینی کےحصول کیلئے ترس رہے ہیں اورچینی ان کی پہنچ سے دورہے۔انہوں نے کہاکہ آٹے،بجلی،چینی کےبحران سمیت تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی حکومت کی کارکردگی پرسوالیہ نشان بن رہے ہیں اورحکومت عوامی ایشوزکوحل کرنے کے بجائے مسلسل غیرسنجیدگی کامظاہرہ کررہی ہے۔ایک جانب ملک میں چینی کامصنوعی بحران ہےاورعوام کوبلیک میں چینی فروخت کی جارہی ہے جبکہ دوسری جانب سرکاری گوداموں میں موجودچینی کی لاکھوں بوریاں راتوں رات خفیہ مقامات پرمنتقل کردی جاتی ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ اطلاعات سے یہ بات بھی

پوری واضح ہوگئی ہے کہ حکومت میں شامل بعض اعلیٰ شخصیات چینی اسکینڈل میں ملوث ہیں جو ملک میں چینی کا بحران پیدا کر کے عوام اور ملک دشمنی کا ثبوت دے رہے ہیں جبکہ حکومت ایسے عناصر کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دینے کے بجائے خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔عوام چینی کے حصول کیلئے لمبی لمبی قطاریں لگا رہے ہیں اور دھکے کھا رہے ہیں تاہم انہیں بلیک میں مہنگے داموں چینی فروخت کی جارہی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حکومت کی جانب سے 17 کروڑ عوام کیلئے یوٹیلیٹی اسٹورز پر دو گھنٹے چینی کی فروخت مسئلے کا حل نہیں بلکہ غریب عوام کے ساتھ سنگین مذاق ہے جس سے مزید مشکلات پیدا ہونگی اور امن وامان کا مسئلہ کھڑا ہوگا۔آٹے کے بعد بجلی اور اب چینی کا بحران حکومت کو کمزور اور عوام کو مشتعل کرنے کی گھناؤنی سازش ہے چینی بحران پر احتجاج عوام کا جمہوری حق ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حکمران اپنی صفوں میں ان کالی بھیڑوں کو نکال باہر کریں جو حکومت کو کمزور اور عوام کو مشتعل کرنا چاہتے ہیں، سرکاری دفاتر میں پھیکی چائے کی تجویز حکومتی بے بسی کا واضح ثبوت ہے اور جو حکومت ذخیرہ اندوزی ختم کر کے ملک میں جاری چینی کے بحران کو ختم نہیں کر سکتی وہ کسی صورت عوامی مسائل کے حل کی دعویدار نہیں ہوسکتی۔

## گلگت بلتستان انتخابات میں ایم کیو ایم کی کامیابی ملک بھر کے مظلوم عوام کیلئے امید کی روشن کرن ہے، ایلڈ رز ونگ
## ایم کیو ایم کو کامیاب کرانے پر گلگت بلتستان کے ایک ایک نوجوان، بزرگ اور خواتین سے اظہار تشکر

کراچی۔۔۔15،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ ایلڈ رز ونگ نے گلگت بلتستان انتخابات میں ایم کیو ایم کی کامیابی پر گلگت بلتستان کے ایک ایک نوجوان، بزرگ اور خواتین سے دلی تشکر کا اظہار کیا ہے اور انتخابات میں ایم کیو ایم کی کامیابی کو ملک بھر کے مظلوم عوام کیلئے امید کی روشن کرن قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان انتخابات میں دھاندلی کے باوجود ایم کیو ایم کی کامیابی نے ملک پر مسلط جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں کی نیندیں حرام کر دیں ہیں اور انہیں اپنا طلسم ٹوٹتا نظر آرہا ہے اور ایم کیو ایم کی یہ کامیابی ہضم نہیں ہورہی ہے۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کا ایم کیو ایم پر بھرپور اعتماد قائم رہے گا اور منفی پروپیگنڈے ریت کی دیوار ثابت ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریہ کو کراچی، کشمور، آزاد کشمیر کے بعد اب گلگت بلتستان کے غیور عوام نے اپنا لیا ہے اور اب ملک بھر میں حق پرستی کے انقلاب کا راستہ کوئی نہیں روک سکتا اور ملک پر غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی کا خواب ضرور شرمندہ تعبیر ہوگا۔

## یونائیٹڈ بینک ریفرنڈم میں عزیز میمن پینل کے نومنتخب عہدیداران ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کی مبارکباد

کراچی۔۔۔15،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی اور اراکین سینٹرل کوآرڈینیشن کمیٹی نے یونائیٹڈ بینک میں ہونے والے ریفرنڈم میں کامیاب ہونے والے عزیز میمن پینل (گروپ) کے نومنتخب عہدیداران کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے امید ظاہر کی کہ نومنتخب CBA یونین ادارے کی ترقی وخوشحالی اور محنت کشوں کے مسائل حل کرنے کیلئے اپنا بھرپور اور عملی کردار ادا کرے گی۔

## مظفر آباد جیپ کھائی میں گرنے کے المناک حادثے میں ڈرائیور سمیت 7 افراد کے جاں بحق ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔15،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے مظفر آباد میں جیپ کھائی میں گرنے کے المناک حادثے میں ڈرائیور سمیت 7 افراد کے ہلاک ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ بڑا سانحہ ہے جس پر میں اور ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حادثے میں جاں بحق افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے کارکن بابر خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔15،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 101 کے کارکن بابر خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے کارکن بابر خان انتقال کر گئے،مرحوم کو ملیر سعود آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا
## حق پرست صوبائی وزیر نثار پہنور نے مرحوم کی رہائشگاہ جاکر سوگواران سے دلی تعزیت کا اظہار کیا

کراچی۔۔۔15،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ ملیر سیکٹر یونٹ 101 کے کارکن بابر خان گزشتہ روز انتقال کر گئے۔مرحوم کی عمر 27 سال تھی،وہ دل کے مرض میں مبتلا تھے اور مرحوم کے سوگواران میں 6 بہنیں اور ایک بھائی شامل ہے۔بابر خان مرحوم کو سعود آباد ملیر 15 کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا مرحوم کی نماز جنازہ لال مسجد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین،حق پرست ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم ملیر سیکٹر کمیٹی کے ارکان،یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی۔دریں اثناء حق پرست صوبائی وزیر نثار پہنور نے بابر خان مرحوم کی رہائشگاہ جاکر سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔اس موقع پر انہوں نے بابر خان مرحوم کے بلند درجات کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔15،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 101 کے کارکن بابر خان،ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے ڈی اے یونٹ سے سب یونٹ لینڈ کے انچارج جاوید عالم کی والدہ شمیم اختر وارثی،ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 145 کے کارکن قاسم رفیع کے والد محمد رفیع خان اور ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 4 کے کارکن تنویر کی ہمشیرہ محترمہ صنوبر جمیل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆